**MCB Bank Limited**

**Company Secretary Office**
6th Floor, MCB Building,
15-Main Gulberg, Jail Road
Lahore, Pakistan

**T:** +92 42 36041998-9
**E:** corporate.affairs@mcb.com.pk

PSX-100(5F)2025/05
**February 12, 2025**

**General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
**Karachi.**

*Dear Sir,*

**Text of Advertisement Prior to Publication**
***Final Cash Dividend, 2024 and Mandatory Requirement of Valid CNIC and IBAN***

In compliance with Rule No. 5.6.9 (b) of PSX Rule Book, please find enclosed herewith the text of advertisement that MCB Bank Limited intends to publish in respect of "Final Cash Dividend, 2024 and Mandatory Requirement of Valid CNIC and IBAN" in the Daily "Business Recorder" and the Daily "Jang" on February 13, 2025.

Yours sincerely,

**Muhammad Imran**
Department Head
Corporate Affairs Group

Encl: As above

Size:28x3

MCB Bank Limited

# Final Cash Dividend, 2024 and Mandatory Requirement of Valid CNIC and IBAN

The Board of Directors of **MCB Bank Limited** (the "Bank"), in its meeting held on February 06, 2025, has recommended Final Cash Dividend @ 90% i.e., PKR 9.00 per share in addition to interim cash dividends already paid @ 270% i.e., PKR 27.00 per share for the year ended December 31, 2024. The said Cash Dividend will be paid to those shareholders whose names will appear on the Register of Members of the Bank at close of business hours on March 17, 2025.

In order to determine the entitlement of Final Cash Dividend, the Share Transfer Books of the Bank will remain closed from March 18, 2025 to March 27, 2025 (both days inclusive) and no transfer of shares will be accepted for registration during this period.

**Requirement of Valid CNIC, IBAN and Email Address:**
As per the regulatory requirements issued by the Securities & Exchange Commission of Pakistan ("SECP"), the payment of cash dividend shall only be made to those Shareholders who have provided copies of their valid CNIC/ NICOP/ Passport (in the case of Individuals) and NTN certificate (in the case of corporate entities) and valid details of designated International Bank Account Number ("IBAN"). In case of non-availability of the said information, the Bank will hold the payment of Final Cash Dividend. Shareholders, who have not yet provided the required information, are requested to provide copies of their valid CNIC/NICOP/NTN/Passport and details of valid IBAN. Please also ensure that the provided bank account is currently active, this will enable us to credit the dividend amount. Further, as per the requirements of the SECP regulations, shareholders, who have not yet provided, are also requested to provide their email addresses to the Bank.

**Unclaimed Dividends and Share Certificates:**
Shareholders, who have not yet claimed their cash dividend warrants, either kept with themselves or have been returned as undelivered to the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank, are requested to make a claim for such unpaid/unclaimed dividends. They are also requested to claim for any right/bonus share certificates either remained unclaimed or undelivered with the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank.

**Deduction of Withholding Tax on Joint Account Holder(s):**
Joint shareholders are requested to communicate their percentage of shareholding to the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank in order to calculate withholding tax applicable to each Joint Shareholder based on filer/non-filer status. Kindly note that in case of non-receipt of such information, each joint shareholder will be assumed to hold equal proportion of shares and the deduction will be made accordingly.

**Requirement of FBR's Approval or Valid Tax Exemption Certifi**
**of Exemption under Section 159/150 of the Income Tax Ordinanc**
The Honorable Lahore High Court, Lahore, in its decision has directed that the Mutual Funds as approved by the Federal Board of Revenue ("FBR"), would not be required to provide exemption certificate under Section 159 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance") to claim tax immunity as per clause (47B) of Part-IV of the Second Schedule to the Ordinance. It is, therefore, requested to provide either approval certificate from FBR or a valid exemption certificate under Section 159 (1) of the Ordinance issued by the concerned Commissioner of the Income Tax, Inland Revenue, FBR latest by **March 24, 2025.** In case of non-availability of approval/ exemption certificate(s), the deduction of advance tax on dividend shall be made as per the relevant provisions of the Ordinance.

**Zakat Declaration (CZ -50):**
Shareholders are hereby reminded that Zakat is applicable at the rate of 2.5% on face value of shares i.e. PKR 10/- each. Zakat will be deducted on the payment of Final Cash Dividend and the same will be deposited with the relevant authority within the prescribed time period. In order to claim an exemption from Zakat deductions, shareholders, who have not yet provided, are once again requested to submit the Zakat Declarations to the Stock Brokers or the Central Depository Company of Pakistan Limited (in case the shares are held in Book Entry Form) or to Bank's Share Regist
Transfer Agent (in case the shares are held in Physical Form).

**Conversion of Physical Shares into Book Entry Form:**
As per the Section 72 of the Companies Act, 2017, the companies are required to replace its physical shares with the Book Entry Form (electronic form). Therefore, shareholders still carrying physical shares are requested to have these converted into book-entry form by opening an account with the Central Depository Company of Pakistan ("CDC"). Such conversion will ensure the safe custody thereof.

**Farid Ahmad**
Company Secretary

**Lahore**
February 13, 2025

MCB
Bank for Life

Size:28x3

MCB Bank Limited

# حتمی نقد منافع منقسمہ (ڈیویڈنڈ) 2024ء اور مؤثر شناختی کارڈ اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر کی لازمی شرط

ایم سی بی بینک لمیٹڈ (”بینک“) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 6 فروری، 2025 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں 31 دسمبر 2024ء کو اختتام شدہ سال کے لیے 90 فیصد یعنی 9 پاکستانی روپے فی حصص، پہلے سے ادا کیے گئے عبوری نقد منافع جو کہ 270 فیصد یعنی 27 پاکستانی روپے فی حصص کے علاوہ ہے، کا اعلان کیا ہے۔ مذکورہ حتمی نقد منافع منقسمہ ان حصص داران کو ادا کیا جائے گا جن کا نام 17 مارچ، 2025 کو دفتری اوقات کے اختتام تک بینک ممبران کے رجسٹر میں درج ہوگا۔

حتمی نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لیے، بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 18 مارچ 2025 سے 27 مارچ 2025 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی اور اس مدت کے دوران حصص منتقلی کو اندراج کیلئے قبول نہیں کیا جائے گا۔

**مؤثر قومی شناختی کارڈ، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور ای میل ایڈریس کی ضرورت:**

سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی جاری کردہ ریگولیٹری شرائط کے مطابق، کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف ان حصص داران کو کی جائیگی جنہوں نے اپنے مؤثر شناختی کارڈ/ این آئی سی او پی/ پاسپورٹ (افراد کی صورت میں) اور این ٹی این (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) کی نقول اور مختص شدہ انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) مہیا کیا ہوگا۔ بینک مذکورہ تفصیلات نہ دینے والے کو مندرجہ بالا حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دے گا۔ لہٰذا ایسے حصص داران جنہوں نے ابھی تک مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی مؤثر شناختی کارڈ/ این آئی سی او پی/ این ٹی این/ پاسپورٹ کی کاپیاں اور اپنے موثر IBAN کی تفصیلات فراہم کریں۔ براہ کرم یہ بھی یقینی بنائیں کہ فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ فی الحال فعال ہے، یہ ہمیں ڈیویڈنڈ کی رقم کریڈٹ کرنے کے قابل بنائے گا۔ مزید براں، ایس ای سی پی کے ضوابط کے تقاضوں کے مطابق، شیئر ہولڈرز، جنہوں نے ابھی تک اپنے ای میل ایڈریس بینک کو فراہم نہیں کئے ہیں، ان کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریس بینک کو فراہم کریں۔

**غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئر سرٹیفکیٹس:**

وہ حصص داران جنہوں نے ابھی تک اپنے کیش ڈیویڈنڈ، رائٹ اور بونس شیئرز جو کہ خود ان کی تحویل میں ہیں یا بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس بطور غیر موصول موجود ہیں کا دعویٰ نہیں کیا ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے غیر ادا شدہ یا غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ وارنٹس، رائٹ اور بونس شیئرز کا دعویٰ بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ سے کریں۔

**مشترکہ شیئر ہولڈرز کیلئے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:**

مشترکہ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈنگ کے تناسب (حصہ) کی اطلاع بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو دیں تا کہ فائلر/ نان فائلر کی حیثیت کی بنیاد پر ہر مشترکہ شیئر ہولڈر پر لاگو ودہولڈنگ ٹیکس کا حساب لگایا جا سکے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ایسی معلومات نہ ملنے کی صورت میں، ہر مشترکہ شیئر ہولڈر کے پاس حصص کا مساوی تناسب (حصہ) فرض کیا جائے گا اور اسی کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔

**انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 159/150 کے تحت استثنیٰ کے دعوٰی کے لئے ایف بی آر (FBR) کی منظوری یا موثر ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ضرورت:**

معزز عدالت لاہور ہائیکورٹ، لاہور نے اپنے حالیہ فیصلے میں حکم دیا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (”FBR") سے منظور شدہ باہمی فنڈز کیلئے، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (آرڈیننس) کے سیکنڈ شیڈول کے پارٹ IV کی شق (47B) کے تحت ٹیکس استثنیٰ حاصل کرنے کیلئے آرڈیننس کے سیکشن 159 کے تحت استثنیٰ سرٹیفکیٹ فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ لہٰذا درخواست کی جاتی ہے کہ ایف بی آر سے منظوری کا سرٹیفکیٹ یا سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی کی صورت میں آرڈیننس کے سیکشن (1) 159 کے تحت متعلقہ کمشنر ان لینڈ ریوینیو انکم ٹیکس، ایف بی آر کا تازہ ترین جاری کردہ موثر استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ <u>24 مارچ، 2025</u>ء تک فراہم کریں۔ منظوری/ استثنیٰ کے سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی کی صورت میں، ڈیویڈنڈ پر ایڈوانس ٹیکس کی کٹوتی آرڈیننس کی متعلقہ دفعات کے مطابق ہوگی۔

**زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50):**

حصص داران کو یاد دلایا جاتا ہے کہ 2.5 فیصد کی شرح سے حصص کی قیمت جو کہ 10 پاکستانی روپے فی حصص ہے پر زکوٰۃ لاگو ہوتی ہے۔ حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی اور اسے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کرایا جائے گا۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کے لیے، جن حصص داران نے ابھی تک زکوٰۃ ڈیکلریشن فراہم نہیں کی ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ زکوٰۃ ڈکلریشن (اگر حصص بک انٹری فارم میں موجود ہوں) اسٹاک بروکرز یا سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو جمع کرائیں (اگر حصص فزیکل فارم میں موجود ہوں)۔

**فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم (الیکٹرانک فارم) میں تبدیل کروانا لازمی ہے۔ لہٰذا، شیئر ہولڈرز جو ابھی بھی فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان ("CDC") میں اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔ یہ تبدیلی محفوظ تحویل کو یقینی بنائے گی۔

فرید احمد
کمپنی سیکرٹری

لاہور
13 فروری، 2025

MCB
Bank for Life